1989ء سے مسلسل اشاعت | 16 تا 22 ستمبر 2022 | شمارہ نمبر 38 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of ... 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp





BMG

بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

خامس سعید بٹ

چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

# BIKIYA PAPER MART

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

CONTACT
Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

CONTACT
Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200
Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS


IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER


SINARSPECTRA
premium colour paper


spectra color
premium color paper

### PHOTOCOPIER PAPER
SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

### CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



### QURAN PAPER
PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER
Sinar Tech



SINARSPECTRA
COLOR CUBE



### FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**
First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

قیمت: 70 روپے

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**
نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 22 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ آفس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**
**ایڈیٹوریل بورڈ**
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960


# اعراب والی کتابوں کے علاوہ دیگر میں سفید کاغذ کے استعمال کی اجازت ہے

## اس فیصلے کے خلاف سازشیں کی جا رہی ہیں جس کے خلاف تحریک چلائیں گے، انجمن تاجران اردو بازار

لاہور (نمائندہ خصوصی) انجمن تاجران اردو بازار لاہور نے مینیجنگ ڈائریکٹر پنجاب کریکولم ٹیکسٹ بک بورڈ کے نام ایک خط میں ان کا شکریہ ادا کیا ہے کہ نصابی کتابوں میں ورجن پیپر (Cream Wove Paper) کے ساتھ ساتھ ری سائیکل پر White (Paper) کی اجازت ہے۔ 2015ء میں نصابی کتابوں کی کوالٹی بہتر بنانے کے لیے سب کتابیں ورجن پیپر پر شفٹ کر دی گئی تھیں۔ لیکن اس میں ورجن ملوں نے کارٹل کر کے اپنی من مانی قیمتوں پر کاغذ فراہم کیا۔ اب یہ صورت حال ناقابل برداشت ہو چکی تھی جس کے باعث پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ نے یہ فیصلہ کیا کہ اعراب والی کتابوں کے علاوہ دوسری کتابوں میں سفید کاغذ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس سے پبلشرز نے سکھ کا سانس لیا ہے اور اس فیصلے سے کاغذ مافیا کو کنٹرول کرنے میں مدد ملی۔ خط میں کہا گیا ہے کہ انجمن تاجران اردو بازار کے علم میں یہ بات آئی ہے کہ بورڈ کے اس علم دوست فیصلے کے خلاف ابھی سے سازشیں شروع ہو گئی ہیں۔ ٹینڈر کرنے والے افراد ورجن ملوں کی پشت پناہی کے ساتھ اس فیصلے کے خلاف ماحول تیار کر رہے ہیں تا کہ اس فیصلے کو واپس کرایا جا سکے۔ انجمن تاجران اردو بازار اس حوالے سے آپ کو آگاہ کر رہی ہے کہ اس فیصلے کے حوالے سے انجمن آپ کے ساتھ بھرپور تعاون کرتی ہے اور ہر فورم پر آپ کے ساتھ کھڑی ہے۔ اگر اس فیصلے کو واپس لیا گیا تو انجمن تاجران اردو بازار اس حوالے سے بھرپور تحریک چلائے گی اور اس فیصلے پر عمل درآمد تک چین سے نہیں بیٹھے گی۔ اس کے لیے وہ ہر قسم کے اقدامات کے لیے بھرپور تیاری کر رہی ہے۔ اگر ہمیں پاکستانی نونہالوں کے مستقبل کو بچانے کے لیے قانونی جنگ لڑنی پڑی تو ہم اس کی بھی بھرپور تیاری کر رہے ہیں۔ فواز نیاز، چیئرمین۔ ابوذر غفاری گوھر، صدر اور جاوید اقبال، سیکرٹری جنرل نے کہا ہے کہ آپ کے اس علم دوست فیصلے سے جہاں نصابی کتابیں سستی ہوں گی وہاں ان مافیاز کو کنٹرول کرنے میں بھی مدد ملے گی جو ناجائز منافع خوری کے ساتھ ساتھ پی سی ٹی بی کو بدنام کرنے میں سرگرداں ہیں۔

## ری سائیکل پیپر کی اجازت تعلیم دوست اقدام، صدر جنرل بکس پبلشرز اینڈ بک سیلرز

لاہور (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان جنرل بکس پبلشرز اینڈ بک سیلرز کے صدر عباس شاد نے کہا ہے کہ وزیر تعلیم اور مینیجنگ ڈائریکٹر پنجاب کریکولم ٹیکسٹ بک بورڈ کی ری سائیکل پیپر کی اجازت تعلیم دوست اقدام ہے۔ نصابی کتب اور کاپی کی قیمتیں کم ہونے سے عام آدمی کو فائدہ پہنچے گا۔ آل پاکستان جنرل بکس پبلشرز اینڈ بک سیلرز کے ماہانہ اجلاس میں صدر عباس شاد نے تاجران سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کی نصابی کتب میں اسلامیات، عربی، اور اردو کے علاوہ ری سائیکل پیپر کی اجازت خوش آئند اقدام ہے۔ مینیجنگ ڈائریکٹر پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کے اس اقدام کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں اس سے کاغذ مل مالکان کی مناپلی ختم ہو گی اور غریب عوام کو سستی کتابیں اور کاپی کی فراہمی ممکن ہو سکے گی۔

## کراچی: اسٹریٹ کرائمز میں اضافے کے بعد کیمرے لگانے کی ہدایت

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) شہر قائد میں اسٹریٹ کرائم کی غیر معمولی بڑھتی وارداتوں کے بعد پولیس نے دکان داروں کو کیمرے نصب کرنے کی ہدایت جاری کر دی۔ ذرائع کے مطابق کراچی میں اسٹریٹ کرائمز کی بڑھتی وارداتوں کی روک تھام کے لیے سندھ سکیورٹی آف ولنرایبل ایکٹ کے استعمال کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں پولیس کی جانب سے دکان داروں کو سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کے لیے نوٹس ارسال کیے گئے ہیں تا کہ جرائم پیشہ عناصر کی نقل و حرکت پر نظر رکھی جا سکے اور اس کی سرکوبی کے اقدامات کیے جا سکیں۔ جاری کیے گئے نوٹس میں درج ہدایات پر عمل نہ کرنے پر دکان داروں کو قانونی کارروائی کرنے کی تنبیہ بھی کی گئی ہے، جس کے بعد شہر میں دکان دار نوٹس ملنے کے بعد پریشان ہو گئے۔ دکان داروں نے پولیس کی جانب سے ارسال کیے جانے والے نوٹس پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق سندھ سکیورٹی آف ولنرایبل ایکٹ کے تحت غیر سرکاری ادارے بشمول اسپتال، پٹرول پمپ، جیولرز، تعلیمی ادارے، شادی ہال اور دکان دار وغیرہ کی انتظامیہ مناسب حفاظتی اقدامات کرنے کی پابند ہے۔

## انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر ہے

کراچی (بزنس ڈیسک) ایف بی آر نے ٹیکس پیئرز کی آگاہی کے لیے موبائل کمپنیوں کے ذریعے صارفین کو میسج کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ انکم ٹیکس ریٹرن 30 ستمبر 2022 تک جمع کروائیں. تاریخ میں توسیع نہیں کی جائے گی یہ میسج ایف بی آر نے رجسٹرڈ اور غیر رجسٹرڈ دونوں افراد کو کیا ہے جس کا مقصد اس پیغام کو عام کرنا ہے تا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ انکم ٹیکس ریٹرن جمع کروائیں اور اپنے جائداد، اور دیگر خریداری کے ٹیکس میں رعایت حاصل کر سکیں۔

## سابق صدر ناردرن زون ندیم سعید وائیں کی والدہ انتقال کر گئیں

لاہور (پیپر بزنس نیوز) سابق صدر، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن ناردرن زون لاہور ندیم سعید وائیں کی والدہ 8 ستمبر 2022 کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔ ان کے انتقال پر لاہور کی تاجر برادری بالخصوص انجم نثار، خامس سعید بٹ، باؤ بشیر اور دیگر نے تعزیت کا اظہار کیا ہے اور مرحومہ کے لئے دعائے مغفرت کی ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کراچی چیمبر انتخابات: عدیل ناصر سمیت بی ایم جی کے تمام امیدوار بلا مقابلہ کامیاب



کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی چیمبر کے انتخابات، بی ایم جی سے تعلق رکھنے والے منیجنگ کمیٹی کے تمام 15 امیدوار بلا مقابلہ کامیاب، تفصیلات کے مطابق کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کی منیجنگ کمیٹی کے انتخابات برائے سال 2023-2022 کے لیے بزنس مین گروپ (بی ایم جی) کے تمام امیدوار بلا مقابلہ منتخب ہو گئے ہیں۔ الیکشن کمیشن کو مجموعی طور پر 32 اُمیدواروں کے کاغذات نامزدگی موصول ہوئے جن میں سے 17 امیدواروں نے اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لیے اس طرح باقی رہ جانے والے بی ایم جی کے تمام 15 امیدوار کراچی چیمبر آف کامرس کے انتخابات برائے سال 2023-2022 میں کامیاب قرار پائے، اپوزیشن کے کسی فرد نے انتخاب میں حصہ نہیں لیا، کامیاب امیدواروں میں محمد عارف، محمد طارق یوسف، افتخار احمد شیخ، الطاف اے غفار، طارق اکرام خان، سہیل احمد، محمد یوسف یعقوب، جنیدالرحمان، شعیب منظور، محمد بلال، عدیل ناصر، محمد کاشف شیخ محمد فاروق افضل، عمران احمد شیخ اور حارث اگر شامل ہیں۔ جیسا کہ منیجنگ کمیٹی کہ تمام ارکان بلا مقابلہ منتخب ہو چکے ہیں لہٰذا 24 ستمبر 2022 کو منیجنگ کمیٹی کے انتخابات نہیں ہوں گے تاہم کراچی چیمبر کے عہدیداران برائے سال 2023-2022 کے لیے انتخابات 28 ستمبر 2022 کو منعقد ہوں گے۔

## ڈالر کی افغانستان اور ایران اسمگلنگ سے پاکستانی روپیہ کمزور

کراچی (نیوز ڈیسک) ایکس چینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے جنرل سیکریٹری ظفر پراچہ نے کہا ہے کہ پاکستان سے ڈالر کی افغانستان اور ایران کو بڑے پیمانے پر اسمگلنگ سے پاکستانی روپیہ کمزور ہو رہا ہے، بھارت اپنے ایجنٹوں کے ذریعہ افغانستان میں بیٹھ کر پاکستان کو کمزور کرنے کیلئے ڈالر خرید رہا ہے، پاکستان میں جاری سیاسی عدم استحکام ختم کرکے پاکستان مخالف عناصر کی جانب سے پاکستانی معیشت کو کمزور کرنے والوں کا مقابلہ کرنے کی حکومت حکمت عمل بنائے۔ ظفر پراچہ نے کہا کہ افغانستان اور ایران کے ساتھ ہماری ٹریڈ پالیسی میں بہت سی خامیاں ہیں جس کی وجہ سے ہمارے زرمبادلہ پر دباؤ ہے اور یہ ممالک ہمارا فارن ایکس چینج ہڑپ کر رہے ہیں، پاکستان سے ڈالر جاتے ہیں اور افغانستان وایران سے اسمگلنگ کے ذریعہ سامان آجاتا ہے جس سے ہمارے ملک کو ریونیو کی مد میں بھی بھاری نقصان پہنچ رہا ہے، اس کے علاوہ ہماری حکومت نے امپورٹ کی اجازت دے کر اس پر ریگیولیٹری ڈیوٹی لگائی ہے اس کی وجہ سے بھی اسمگل گڈز زیادہ آرہے ہیں اور حوالہ کی ڈیمانڈ بڑھ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بار عجب حیرت یہ ہے کہ ساری سیاسی جماعتیں وفاقی اور صوبائی حکومتوں میں ہیں اور پھر بھی ایک دوسرے کی اپوزیشن بنی ہوئی ہیں اور ایک دوسرے کی دشمنی میں تمام حدیں پھلانگ رہی ہیں، کوئی بھی سیاسی جماعت ملک اور قوم کو اچھے نتائج نہیں دے رہیں۔ ظفر پراچہ نے کہا کہ آئی ایم ایف سے ساتویں اور آٹھویں قسط کے آنے کے اعلان کے مثبت اثرات صرف ایک دن کیلئے سامنے آئے تھے اور روپیہ معمولی بہتر ہوا لیکن بعد میں ڈالر نے دوبارہ تیزی پکڑ لی، سیلاب نے بھی ملکی معیشت کو زیادہ پریشر میں ڈال دیا ہے کیونکہ سیلاب کی وجہ سے ہماری 10 بلین ڈالر سے زائد کی امپورٹ مزید بڑھ جائے گی کیونکہ سیلاب اور بارشوں سے فصلیں تباہ ہوئی ہیں۔ ظفر پراچہ نے کہا کہ ہم مایوس نہیں ہیں اور جلد ہی ایسا وقت آئے گا کہ روپیہ دوبارہ سے مضبوط ہوگا کیونکہ حکومت اور اسٹیٹ بینک روپے کی مضبوطی کیلئے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے ایکس چینج کمپنیوں پر ڈالر کی قدر کو بڑھانے کے تاثر کو غلط قرار دیا کہ اور کہا کہ ایکس چینج کمپنیاں اپنے تمام تر ریزرو انٹربینک میں فروخت کرتی ہیں، ڈالر کی قدر بڑھنے سے ایکس چینج کمپنیوں کا کاروبار کم ہوتا ہے اور ڈالر کے ریٹ کم ہونے سے کاروبار بڑھتا ہے، ایکس چینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان ہمہ وقت حکومت اور اسٹیٹ بینک سے رابطے میں ہے اور ہم وقتاً فوقتاً انہیں ڈالر کی سپلائی سمیت اپنی تجاویز دیتے رہتے ہیں۔

## کراچی چیمبر کا شہر میں اسٹریٹ کرائمز کی بڑھتی وارداتوں پر اظہار تشویش

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے صدر محمد ادریس نے کراچی میں بڑھتی ہوئی لاقانونیت اور اسٹریٹ کرائمز پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو کڑی تنقید کا نشانہ بنایا ہے جو کراچی میں حالات پر قابو پانے اور امن وامان کی فضا قائم کرنے میں بری طرح ناکام رہے ہیں، شہری اس وقت خود کو مکمل طور پر غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ جہاں دن دیہاڑے اور گنجان علاقوں میں بھی شہریوں کو بلا خوف وخطر لوٹا اور معمولی مزاحمت پر قتل کیا جا رہا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی چیمبر اس سنگین مسئلے کو وقتاً فوقتاً اجاگر کرتا رہا ہے لیکن قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اعلیٰ حکام پر خاموشی طاری ہے اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ انہیں پریشان حال شہریوں اور تاجر برادری کی سیفٹی اور سیکورٹی کے حوالے سے ریلیف فراہم کرنے کے لیے کوئی فکر نہیں۔

## سرحد چیمبر: بزنس مین فورم کے تمام امیدوار بلا مقابلہ منتخب

پشاور (نیوز ڈیسک) سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات برائے 23-2022ء کے لئے بزنس مین فورم کے تمام امیدوار بلا مقابلہ ایگزیکٹو ممبران منتخب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کے انتخابات برائے سال 23-2022ء کے لئے کارپوریٹ گروپ کی 5 خالی نشستوں، ایسوسی ایٹ گروپ کی 5 خالی نشستوں اور خواتین کی ایک مخصوص نشست پر بزنس مین فورم زیر قیادت سینیٹر الیاس احمد بلور گروپ کے تمام امیدوار بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔ انتخابات کیلئے قائم الیکشن کمیشن نے ان 11 امیدواروں کے بلا مقابلہ انتخاب کا اعلان کردیا۔ الیکشن کمیشن کا اجلاس 11 ستمبر کو منعقد ہوا۔ اجلاس میں الیکشن کمیشن کے ممبران ملک نیاز احمد، عابد اللہ خان یوسفزئی اور حارث مفتی نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ سرحد چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی میں کارپوریٹ گروپ کی 5 خالی نشستوں کیلئے امیدواروں شاہد حسین، حمزہ ابراہیم بٹ، کاشف امین، عفاف علی خان، فیصل افضل، جبکہ ایسوسی ایٹ گروپ کیلئے بزنس مین فورم کے امیدواروں محمد اسحاق، عبدالحکیم شنواری، منور خورشید، جاوید احمد خان اور لال بادشاہ کے مقابلے میں کسی دوسرے امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع نہیں کروائے جس کے بعد الیکشن کمیشن نے بزنس مین فورم کے 11 امیدواروں کے بلا مقابلہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین منتخب ہونے کا باضابطہ اعلان کیا۔ خواتین کی ایک مخصوص نشست پر کسی دوسری ممبر کی جانب سے کاغذات نامزدگی جمع نہ کرانے پر قراۃ العین کو بھی بلا مقابلہ ایگزیکٹو ممبر منتخب قرار دیدیا۔ سرحد چیمبر کے صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدر کا انتخاب 26 ستمبر 2022ء کو ہوگا جبکہ سالانہ جنرل باڈی اجلاس 30 ستمبر 2022ء کو منعقد ہوگا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# جہازوں کی قلت کے باعث فریٹ چارجز میں 700 فیصد اضافہ ہوا، ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ

کارگو کنٹینرز اور بحری جہازوں کی قلت کی وجہ سے پاکستان اور خطے کے دیگر ممالک میں کورونا وبا کے بعد شپنگ کمپنیوں کے فریٹ میں اوسطاً 350 سے 700 فیصد تک ناقابل برداشت اضافہ ہوا ہے۔ فریٹ فارورڈ کمپنیاں کنٹینرز اور بحری جہازوں کی عدم دستیابی کا جواز بنا کر 4 سے 5 گنا زائد فریٹ چارجز وصول کررہی ہیں جس سے ایکسپورٹرز کا منافع ختم ہوگیا ہے اور انہیں اپنے آرڈرز کی وقت پر شپمنٹ میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ جولائی 2020ء میں ایک 40 فٹ کنٹینر کا کراچی سے یورپ (rotterdam) کا فریٹ 1300 ڈالر تھا جو دسمبر 2020ء میں 2000 ڈالر، مارچ 2021ء میں 3550 ڈالر، جون 2021ء میں 4250 ڈالر، اگست 2021ء میں 6400 اور 2022ء میں 8000 ڈالر تک پہنچ گیا تھا، جو اب 5800 پر آگیا ہے۔ چیئرمین prgmea کے مطابق پاکستان سے چین 20 فٹ کنٹینر کا فریٹ کورونا وبا سے پہلے 600 ڈالر ہوتا تھا جو بڑھ کر 6000 ڈالر ہوگیا تھا اور اب 2200 ڈالر اور 40 فٹ کنٹینر کا فریٹ 2800 ڈالر تک ہوگیا ہے۔ شپنگ کمپنیاں جو کراچی سے سری لنکا کا فریٹ 800 ڈالر چارج کررہی تھیں، اب 3500 ڈالر اور سنگاپور کا 1100 ڈالر سے بڑھ کر 4000 ڈالر ہوگیا ہے۔ اسی طرح جرمنی کا فریٹ 800 ڈالر سے بڑھ کر 7000 ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔ شپنگ کمپنیوں نے ایک سال میں 7 مرتبہ فریٹ چارجز بڑھائے ہیں جس نے ایکسپورٹرز کے منافع کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ کنٹینرز اور بحری جہازوں کی دستیابی میں کمی کی ایک بڑی وجہ چین میں کورونا کے بعد کنٹینرز کی طلب میں زبردست اضافہ ہے جس کی وجہ سے کنٹینرز کی عالمی سپلائی درہم برہم ہوکر رہ گئی تھی جس نے امپورٹرز اور ایکسپورٹرز کو بری طرح متاثر کیا۔ پاکستان شپ ایجنٹس ایسوسی ایشن کے صدر محمد راجپر نے اس کی وجہ کورونا کو قرار دیا جس کے باعث دنیا کی تجارت رک گئی تھی اور حالات بہتر ہونے کے بعد ہر ملک کی ضرورت اشیاء کی امپورٹ تھی جس کی وجہ سے کنٹینرز کی طلب میں اضافہ دیکھنے میں آیا جبکہ خالی کنٹینرز کی عدم دستیابی کے باعث ایکسپورٹس شپمنٹ تاخیر کا شکار ہوئیں۔ یورپ میں کورونا کے باعث لاک ڈاؤن کی وجہ سے تقریباً 6 مہینے تک تجارتی سرگرمیاں معطل رہیں کیونکہ لوگوں کی ترجیحات کھانے پینے کی اشیاء اور صحت کی سہولتیں تھیں جس کے باعث امپورٹ کی گئی اشیاء کے کنٹینرز بھی پورٹس پر ہی پڑے رہے جس نے کنٹینرز کی سپلائی چین کو بری طرح متاثر کیا۔ چین کے ایکسپورٹرز خالی کنٹینرز حاصل کرنے کیلئے 5 گنا اضافی فریٹ دینے کو تیار ہیں جس کی وجہ سے شپنگ کمپنیاں مختلف پورٹس سے اپنے تمام خالی کنٹینرز چین بھجوا رہی ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق اب تک پاکستان سے 5000 کنٹینرز چین بھجوائے جاچکے ہیں جس کی وجہ سے پاکستانی ایکسپورٹرز کی کنٹینرز کی عدم دستیابی کے باعث ایکسپورٹ متاثر ہورہی ہے۔ عالمی فریٹ فارورڈز ایسوسی ایشن فیڈریشن کے سابق صدر بابر بیداد کے مطابق فریٹ چارجز میں مستقبل قریب میں کمی کے امکانات کم ہیں۔ ان کے بقول شپنگ کمپنیوں نے کورونا وبا سے پہلے 3 سے 4 سال تک شپنگ کرایوں میں کمی کے باعث نقصانات برداشت کئے ہیں لہٰذا اب وہ کنٹینرز کی طلب میں اضافے کا فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ لاجسٹک ماہرین کا کہنا ہے کہ انہوں نے سمندری تجارت میں اس طرح کا بحران گزشتہ 30 سال میں نہیں دیکھا۔ یہ بھی کہا جارہا ہے کہ شپنگ کمپنیوں نے ایک کارٹل تشکیل دیا ہے اور من مانے کرائے بڑھادیئے ہیں۔ کورونا وبا کے باوجود اس سال کراچی پورٹ ٹرسٹ نے 2.1 ملین teu، 20 فٹ کنٹینرز اور گزشتہ سال کے 34.6 ملین ٹن کے مقابلے میں 5.7 فیصد



اضافے سے 35.2 ملین ٹن کارگو ہینڈل کیا ہے۔ آل پاکستان شپنگ ایسوسی ایشن (apsa) کے چیئرمین عاصم صدیقی کے مطابق پاکستان کے امپورٹرز اور ایکسپورٹرز ہر سال 5 سے 6 ارب ڈالر فریٹ چارجز شپنگ کمپنیوں کو ادا کرتے ہیں جو ایک خطیر رقم ہے۔ ان حالات کو دیکھتے ہوئے اس بات کی شدت سے کمی محسوس ہورہی ہے کہ ہماری نیشنل شپنگ کمپنی کے پاس اپنے بحری جہاز نہیں ہیں جس کے باعث ہم بیرونی شپنگ کمپنیوں کے محتاج ہیں اور ہر سال فریٹ چارجز کی مد میں اربوں ڈالر کا زرمبادلہ ادا کررہے ہیں جو قومی خزانے پر ایک بڑا بوجھ ہے۔ پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کے پاس اس وقت 11 بحری جہازوں کا فلیٹ ہے جس میں 5 بلک کیریئرز اور 6 آئل ٹینکرز شامل ہیں جس سے پاکستان 80 ملین ٹن کروڈ آئل امپورٹ کرتا ہے۔ pnsc نے 2019ء میں ایک کورین آئل ٹینکر جس کی قیمت 30 ملین ڈالر ہے، اپنے فلیٹ میں شامل کیا ہے۔ میری وزیراعظم شہباز شریف اور وفاقی وزیر پورٹس اینڈ شپنگ سے درخواست ہے کہ وہ شپنگ کمپنیوں کے کرائے قابل قبول سطح پر لانے کیلئے اقدامات کریں اور پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کنٹینرز بحری جہاز لیز پر حاصل کرے تاکہ من مانے فریٹ کو کنٹرول کیا جاسکے نہیں تو شپنگ فریٹ میں اضافے سے خام مال کی درآمدی لاگت میں اضافے سے مہنگائی میں مزید اضافہ اور ملکی ایکسپورٹس متاثر ہوں گی۔

# لاہور ہائیکورٹ نے ایف بی آر کی منی لانڈرنگ کارروائی درست قرار دیدی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) لاہور ہائیکورٹ نے ایف بی آر کی جانب سے ٹیکس چوروں کے خلاف منی لانڈرنگ کی کارروائی کو درست قرار دیدیا ہے اور ٹیکس چوری کی بنیاد پر 180 لوگوں اور بڑی کمپنیوں کے خلاف شروع کی جانیوالی منی لانڈرنگ کی کارروائی کو درست قرار دیدیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے ٹیکس دہندگان کی جانب سے انسداد منی لانڈرنگ کے قانون اور ایف بی آر کے جاری متعلقہ ایس آر او سمیت دیگر قانونی شقوں کے خلاف دائر تمام پٹیشنز خارج کردی ہیں، صرف جن کیسوں میں ٹیکس دہندگان کو بھجوائے جانے والے کال اپ نوٹسز کے ساتھ وجہ بیان نہیں کی گئی تھی ان پٹیشنز کو سماعت کیلئے منظور کیا گیا ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ماتحت ادارے ڈائریکٹریٹ جنرل آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن ان لینڈ ریونیو کے ریجنل مقامات لاہور، فیصل آباد اور ملتان کی طرف سے ٹیکس دہندگان کے خلاف شروع کئے جانیوالے منی لانڈرنگ کے کیسوں کے خلاف ہائیکورٹ کا ایف بی آر کے حق میں تاریخی فیصلہ آیا ہے۔ ایف بی آر کے مطابق فیصلہ اینٹی منی لانڈرنگ اور ایف بی آر کیلئے تاریخی کامیابی ہے، اب ٹیکس چور اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ 2010 کے تحت کارروائی سے نہیں بچ سکتے۔ ایف بی آر کے ایک افسر نے بتایا لاہور ہائیکورٹ میں ایک سو اسی کے لگ بھگ لوگوں اور کمپنیوں کی طرف سے تین مختلف پٹیشنز دائر کی گئی تھیں، تینوں نوعیت کی پٹیشنز خارج کردی گئی ہیں صرف ایک پٹیشن جزوی منظوری ہوئی ہے۔ ہائیکورٹ نے واضح کیا ہے انسداد منی لانڈرنگ کا قانون درست ہے اور ایس آر او بھی درست طور پر جاری کیا گیا ہے، اس کے علاوہ تیسری کیٹیگری کی پٹیشنز میں وہ لوگ شامل تھے جن کے خلاف ایف بی آر نے انسداد منی لانڈرنگ قانون کے تحت انکوائری اور تحقیقات شروع کررکھی تھیں۔



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award — 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

# PAPERLINE

## HI - GRADE PREMIUM PAPER

## A4

21x29.7 cm
500 SHEETS

## 80 GSM




Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

FOR BOOKING CONTACT

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# درآمدی ایل سیز نہیں کھولنے دے رہے، برآمد کنندگان کی ہر ایل سی کھلے گی، وفاقی وزیرخزانہ

لاہور (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیرخزانہ مفتاح اسمٰعیل نے کہا ہے کہ ابھی درآمدی ایل سیز کھولنے نہیں دے رہے لیکن برآمد کنندگان کی ہر ایل سی کھلے گی اور ان کے اسپیئر پارٹس بھی آئیں گے۔ وفاقی وزیرخزانہ مفتاح اسمٰعیل کا لاہور چیمبر آف کامرس میں خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ جب ہم حکومت میں آئے تھے تو پاکستان کو دیوالیہ ہونے کا خطرہ تھا، پہلے وزیراعظم کی ہدایت پر ہم نے پُرتعیش اشیا کی درآمدات روکا تھا لیکن اس پر اب پابندی ختم کردی ہے، مفتاح اسمٰعیل نے کہا کہ ہم نے الیکٹریکل اپلائنسز روکی تھیں، برآمدی گاڑیاں روکیں، پاکستان میں موبائل فون اسمبل ہوتے ہیں ہم نے کہا کہ آدھے موبائل فون درآمد کرو، ہمارے پاس کوئی چوائس نہیں ہے، معاشی اصول کے تحت میں فری مارکیٹ میں ڈالر کی قدر میں اضافہ ہونے دوں اور جس کو جو منگوانا ہے وہ منگوا لے، اس سے یہ ہوگا کہ آج 3 کروڑ روپے کی گاڑی شاید 6 کروڑ روپے کی ہوجائے۔ وزیرخزانہ کا کہنا تھا کہ پاکستان میں چند لوگ تو 6 کروڑ روپے میں بھی گاڑی خرید لیں گے لیکن کتنے لوگ ایسے ہوں گے جو آٹا نہیں خرید سکیں گے، انہوں نے کہا کہ ہم نے وعدہ کیا تھا کہ ستمبر میں قدغن ختم کردیں گے، اور ہمارا کوئی ارادہ نہیں تھا کہ ستمبر کے بعد اس پر پابندی برقرار رکھیں، ابھی میری برآمد کنندگان سے ملاقات ہوئی ہے، میں نے ان سے معافی مانگی ہے، میں کسی بھی ایکسپورٹر کو نہیں روکنا چاہتا۔ مفتاح اسمٰعیل نے کہا کہ یہ ہمارا فیصلہ نہیں ہے کونسی ایل سی کھلے، یہ فیصلہ آپ کا ہونا چاہیے لیکن ابھی میں درآمد کی ایل سیز کو کھولنے نہیں کھولنے دے رہا، برآمد کنندگان کی ہر ایل سی کھلے گی، ایکسپورٹر کے اسپیئر پارٹس بھی آئیں گے، 85-84 میں 5 فیصد برآمدات ازخود کھل جائے گا، اگر مشین کی برآمد 75 فیصد کرلی ہے تو 25 فیصد کی اجازت دیں گے، اس کے علاوہ جو بھی مسائل ہیں ہم اسے حل کرنے کے لیے تیار ہیں۔

## خام مال کیلئے ایل سی نہ کھولنے کا دعویٰ غلط ہے، اسٹیٹ بینک

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک کی جانب سے کہا گیا ہے کہ خام مال کیلیے ایل سی نہ کھولنے کا دعویٰ غلط ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے کہا ہے کہ حال ہی میں کچھ میڈیا رپورٹس میں اور تجارتی تنظیموں کے نمائندوں کی طرف سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ فارماسیوٹیکل سمیت ضروری خام مال کے لیے بینک لیٹر آف کریڈٹ نہیں کھول رہے ہیں یہ دعویٰ حقائق کے منافی ہے۔ یہ بات واضح کی جاتی ہے کہ برآمدی نوعیت کی صنعت سمیت کسی بھی صنعت کے لیے خام مال کی درآمد پر کوئی پابندی عائد نہیں ہے۔ مزید واضح کیا جاتا ہے کہ اسٹیٹ بینک نے 20 مئی 2022 اور 5 جولائی 2022 کے ای پی ڈی سرکلر لیٹرز نمبر 9 اور نمبر 11 کے ذریعے بینکوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ موٹر کاروں اور موبائل فون کی (الگ الگ پرزوں کی شکل میں) اور مشینری (جو ایچ ایس کوڈز کے چیپٹر 84، 85 کے تحت اور 87 پری فکس والے بعض کوڈز کے تحت آتی ہے) کی درآمد کے لیے لین دین شروع کرنے سے پہلے پیشگی اجازت لیں۔ صنعت کے خدشات کو مدنظر رکھتے ہوئے، اسٹیٹ بینک اور وفاقی حکومت نے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے مختلف شعبوں/صنعتوں مثال کے طور پر آٹو موبائل، موبائل فون، گھریلو آلات، ٹریکٹر، 2 اور 3 پہیوں والی گاڑیوں، ٹرانسفارمرز اور سوئچ گیئر، آٹو پارٹس مینوفیکچررز، ٹیلی کام آپریٹرز اور برآمد کنندگان کی درآمدات کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے ایک طریقہ کار وضع کیا ہے۔ اسٹیٹ بینک اب تک ایسے 7000 سے زائد کیسز کی منظوری دے چکا ہے۔ منظوری میں تاخیر بعض اوقات اسٹیٹ بینک کو غلط یا ناکافی معلومات جمع کرانے کی وجہ سے ہوتی ہے۔ تاہم اسٹیٹ بینک منظوری کے عمل کو تیز کرنے کی ہر ممکن اور بھرپور کوشش کررہا ہے۔

## سندھ ہائی کورٹ کا جمبو رول ٹشو پیپر کی عارضی کلیئرنس کا حکم

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ کے ایک ڈویژنل بنچ نے حال ہی میں عائد کردہ 24 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی کی ادائیگی سے مشروط صحت اور حفظان صحت کی مصنوعات کی طرف سے درآمد کردہ جمبو رولز میں ٹشو پیپر کو عارضی طور پر کلیئر کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس عقیل احمد عباسی اور جسٹس مسز کوثر سلطانہ حسین پر مشتمل بنچ نے قبل ازیں درخواست گزار کمپنی کی جانب سے ڈاکٹر شہاب امام اور رانا سخاوت ایڈووکیٹ کی سماعت کی جنہوں نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ درآمدی سامان درمیانی طبی سامان ہے جو پراسیس کیا جاتا ہے اور زیادہ تر ہسپتالوں میں استعمال ہوتا ہے۔ وہی مارکیٹ میں مارکیٹ ریٹ سے کم مناسب نرخوں پر فروخت ہوتے ہیں۔ مزید یہ دعویٰ کیا گیا کہ آرڈی کے نفاذ نے ان کے کاروبار کو غیر مسابقتی بنا دیا ہے۔ انہوں نے مزید دلیل دی کہ آرڈی کو SRO 966 (1) میں ترمیم کرکے نافذ کیا گیا تھا۔ بنچ سے یہ بھی استدعا کی گئی کہ وہ سندھ ہائی کورٹ کے سابقہ فیصلوں کی روشنی میں پے آرڈر کی شکل میں آرڈی کی متنازعہ رقم حاصل کرنے پر سامان کی عارضی کلیئرنس کا حکم دے۔ بنچ نے 19 ستمبر کے لیے جواب دہندگان کو پیشگی نوٹس جاری کرنے کا حکم دیا جبکہ استدعا کے مطابق عارضی کلیئرنس کی اجازت دی۔

## پاک بکس کے محمد زبیر انتقال کر گئے

لاہور (پیپر بزنس نیوز) پاک بکس کے طلحہ زبیر اور حسن زبیر کے والد محمد زبیر (شرکت پریس والے) قضائے الٰہی سے 13 ستمبر 2022 کو وفات پا گئے۔

## حکومت اور اسٹیٹ بینک کو روپے کی قدر میں کمی کا نوٹس لینا چاہئے، صدر فیڈریشن

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) صدر ایف پی سی سی آئی عرفان اقبال شیخ نے کہا ہے کہ حکومت اور اسٹیٹ بینک کو روپے کی قدر میں کمی کا فوری طور پر نوٹس لینا چاہئے۔ پیر 12 ستمبر کو یہاں جاری بیان میں عرفان اقبال شیخ نے وضاحت کی کہ جب کرنسی کی قدر کم ہونا شروع ہوتی ہے تو مینوفیکچررز اور کمرشل امپورٹرز کے تمام کنٹریکٹ اور ان سے منسلک ذمہ داریاں پوری کرنا مشکل ہوتا جاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ہفتے کے صرف پانچ سیشنز میں روپے کی قدر میں 4 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ کے درمیان فرق 8 سے 10 روپے تک ہوگیا ہے جس کی وجوہات قیاس آرائیوں پر مبنی ٹریڈنگ، روپے کی قدر میں مزید کمی کی افواہیں اور اسٹیٹ بینک کی طرف سے پالیسی ٹولز کا استعمال نہ کیا جانا ہے۔ انہوں نے اسٹیٹ بینک سے کمرشل بینکوں پر سخت ریگولیٹری کنٹرول قائم کرنے کا مطالبہ کیا اور زور دیا کہ اسے فوری طور پر حرکت میں آنا چاہیے۔ صدر ایف پی سی سی آئی نے کہا کہ پاکستان کی کاروباری، صنعتی اور تاجر برادری کو امید تھی کہ آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدے کے بعد روپے کی قدر مستحکم ہوجائے گی تاہم مذکورہ قسطوں کی وصولی کے باوجود روپیہ ابھی تک مستحکم نہیں ہوسکا۔


توجہ فرمائیے

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

0308-2933229





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# بریف کارڈ، اسٹیکر، مقامی ڈپلیکس بورڈ اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ، بلیچ بورڈ میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے تیزی رہی اور 14 ستمبر 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں درآمدی بلیچ بورڈ ڈنگبو گولڈ، رئیل، چینمنگ اور پنڈوڈیلی کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی۔ جبکہ بریف کارڈ انڈونیشیا، مقامی ڈپلیکس بورڈ سنچری سولجر اور پولو، مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ، اسٹیکر پیپر پرائم چائنا، گولڈ ٹیک جی ایس ایف، لیبل ٹیک چائنا اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جوردوبدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کہ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 420 روپے سے بڑھ کر 425 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ سولجر برانڈ سنچری تمام سائز 250 گرام کی ریل 253 روپے، تمام سائز 290 گرام کی ریل 253 روپے، تمام سائز 340 گرام کی ریل 247 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ تمام سائز 250 گرام کی شیٹس 258 روپے، تمام سائز 290 گرام کی شیٹس 260 روپے، تمام سائز 340 گرام کی شیٹس 254 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ پولو برانڈ سنچری تمام سائز تمام سائز 250-275 گرام کی ریل 266 روپے، تمام سائز 300 گرام کی ریل 260 روپے، تمام سائز 350 گرام کی ریل 260 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ تمام سائز 250-275 گرام کی شیٹس 272 روپے، تمام سائز 300 اور 350 گرام کی شیٹس 266 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ ڈنگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 354 روپے سے کم ہو کر 352 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 353 روپے سے کم ہو کر 351 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈوڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 350 روپے سے کم ہو کر 348 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ تمام سائز 63 گرام 247 روپے سے بڑھ کر اور 68 گرام 245 روپے سے بڑھ کر، 250 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 970 روپے سے بڑھ کر 980 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 1100 روپے سے بڑھ کر 1110 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 970 روپے سے بڑھ کر 980 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 980 روپے سے بڑھ کر 990 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A-13 .5-70 گرام، 1310 روپے سے بڑھ کر 1320 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 950 روپے سے کم ہو کر 940 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 80 گرام، 1050 روپے سے بڑھ کر 1060 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پرائم چائنا 20x30 سائز 2750 روپے سے بڑھ کر 2800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2850 روپے سے بڑھ کر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2850 روپے سے کم ہو کر 2800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2850 روپے سے بڑھ کر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# راولپنڈی سمیت مزید پانچ شہروں کی غیر منقولہ جائیداد کے نرخ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ایف بی آر نے راولپنڈی سمیت مزید پانچ شہروں کی غیر منقولہ جائیداد کے نرخوں کو اپ ڈیٹ کر دیا ہے اور خاص طور پر دیہی علاقوں کی غیر منقولہ جائیداد کے نئے ریٹ جاری کر دیئے ہیں جس کے مطابق ٹیکس لاگو ہوگا، ایف بی آر نے راولپنڈی، اٹک، ڈی آئی خان، فیصل آباد اور شیخوپورہ کی غیر منقولہ جائیداد کے نرخوں کو اپ ڈیٹ کیا ہے، راولپنڈی کے جن علاقوں کی غیر منقولہ جائیداد کے ریٹ پر نظر ثانی کی گئی ہے ان میں چکلالہ سکیم تھری میں رہائشی جائیداد کا ریٹ 26 لاکھ روپے فی مرلہ سے بڑھا کر 40 لاکھ روپے فی مرلہ کر دیا گیا ہے جبکہ کمرشل جائیداد کا ریٹ دو مارچ کے نوٹیفکیشن کے مطابق ہی ڈیڑھ کروڑ روپے فی مرلہ برقرار رکھا گیا ہے، ڈی ایچ اے ویلی کی رہائشی جائیداد کا ریٹ ایک لاکھ 25 ہزار روپے فی مرلہ سے بڑھا کر ایک لاکھ 50 ہزار روپے فی مرلہ کیا گیا ہے، مندرہ (گوجر خان) میں رہائشی جائیداد 67500 روپے فی مرلہ سے بڑھا کر 2 لاکھ 10 ہزار روپے مرلہ، کمرشل جائیداد تین لاکھ 85 ہزار روپے سے کم کر کے تین لاکھ 61 ہزار روپے فی مرلہ، جی ٹی روڈ (گوجر خان) رہائشی جائیداد سات لاکھ 87 ہزار 500 روپے فی مرلہ سے بڑھا کر 16 لاکھ روپے فی مرلہ، کمرشل 39 لاکھ 52 ہزار 500 روپے سے بڑھا کر 43 لاکھ روپے فی مرلہ کر دی گئی ہے، ماڈل ٹاؤن ہاؤسنگ سکیم گوجر خان میں کمرشل جائیداد 38 لاکھ روپے فی مرلہ سے بڑھا کر 42 لاکھ 50 ہزار روپے، قاضیاں روڈ حبیب کنیال گوجر خان کی کمرشل جائیداد 30 لاکھ روپے فی مرلہ سے کم کر کے 29 لاکھ روپے فی مرلہ کر دی گئی، مال روڈ مری میں کمرشل جائیداد کا ریٹ 55 لاکھ روپے سے بڑھا کر 60 لاکھ روپے فی مرلہ کر دیا گیا، نیو مری میں رہائشی جائیداد 15 لاکھ 75 ہزار روپے سے بڑھا کر 20 لاکھ روپے فی مرلہ اور کمرشل جائیداد 40 لاکھ روپے سے کم کر کے 36 لاکھ روپے فی مرلہ، بنک روڈ مری میں رہائشی جائیداد 29 لاکھ 25 ہزار روپے فی مرلہ سے 30 لاکھ روپے، کمرشل جائیداد 50 لاکھ روپے سے بڑھا کر 55 لاکھ روپے فی مرلہ کر دی گئی، بندیان کوٹلی ستیاں رہائشی جائیداد 29 ہزار روپے فی مرلہ سے کم کر کے 28 ہزار روپے فی مرلہ اور کمرشل جائیداد 29 لاکھ روپے سے بڑھا کر 30 لاکھ 50 ہزار روپے فی مرلہ، بلاواڑہ بازار کوٹلی ستیاں میں کمرشل جائیداد کے نئی ویلیوایشن 31 لاکھ روپے سے کم کر کے 4 لاکھ روپے فی مرلہ کر دی گئی، ایف بی آر نے اٹک کے مختلف تحصیلوں اور دیہی علاقوں میں غیر منقولہ جائیداد کی نئی ویلیوایشن کر دی ان میں فتح جنگ، جنڈ، پنڈی گھیب، حسن ابدال اور حضرو شامل ہیں، ایف بی آر نے 18 شہروں کے دیہی علاقوں کی نئی ویلیوایشن یکم اگست کو کی تھی۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## کراچی بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: BSE/P&P/299/2022
ڈپلیکیٹنگ پیپرز (امپورٹڈ)، سائز 55,10x15 تا 60 گرام
تعداد: 8000 ریم
ڈپلیکیٹنگ پیپرز (امپورٹڈ)، سائز 55,8.5x13.5 تا 60 گرام،
تعداد: 3000 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 27 ستمبر 2022ء
برائے رابطہ: قائم مقام سیکریٹری آفس، ناظم آباد، کراچی۔
فون: 021-99260252-6/99260268

## نیشنل بک فاؤنڈیشن کے پیپر و اسٹیشنری کے ٹینڈر

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: 1500-HPH-70(41)2022
بک پرنٹنگ پیپر، کریم کلر (امپورٹڈ) 60 گرام
تعداد: 50 میٹرک ٹن۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 ستمبر 2022ء
برائے رابطہ: 6۔ ماؤ ایریا، تعلیمی چوک، G-8/4، اسلام آباد۔
فون: 051-9261036-9261533
برائے رابطہ: ریجنل آفس، 45-C، سوک سینٹر، نزد ٹیلی فون ایکسچینج، مصطفیٰ ٹاؤن، لاہور۔
فون: 021-99260012
برائے رابطہ: بریل کمپلیکس بلڈنگ، نزدی پی ٹی وی اسٹیشن، اسٹیڈیم روڈ، کراچی۔
فون: 021-99231762-99231089
☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: HAF-1(12)
مختلف اقسام کے پیپرز اور اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 23 ستمبر 2022
برائے رابطہ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) آفس، ہیڈ آفس، 6، ماؤ ایریا، تعلیمی چوک، G-8/4، اسلام آباد۔
فون: 051-9261120

## ملتان اعلیٰ ثانوی بورڈ کا پیپر کا ٹینڈر

☆ وائٹ پرنٹنگ پیپر، سائز 68,17x27 گرام،
تعداد: 16000 ریم۔
آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، A4 سائز، 80 گرام،
تعداد: 17000 ریم۔
پرنٹڈ کور شیٹ (وائٹ پیپر) 100 گرام،
تعداد: 21,00,000 عدد
☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: 338/اسٹورز۔
کمپیوٹر پیپر، 132 کالم، 63 گرام۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 ستمبر 2022ء
برائے رابطہ: اسٹور برانچ، ملتان۔

# کاروباری مواقع
# TENDERS

فون: 061-9210019

## گوجرانوالہ انٹرمیڈیٹ بورڈ کا پیپر و لفافوں کا ٹینڈر

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: 736/اسٹورز
آفسیٹ پیپر A4 سائز، 80 گرام، 5000 ریم۔
آفسیٹ پیپر F4A سائز، 80 گرام، 15000 ریم۔
آفسیٹ پیپر A4 سائز، 70 گرام، 1500 ریم۔
آفسیٹ پیپر F4A سائز، 70 گرام، 1500 ریم۔
آفسیٹ پیپر A3 سائز، 80 گرام، 22,970 ریم۔
☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: 737/اسٹورز
مختلف اقسام کے لفافے، بڑی مقدار میں۔
ٹینڈرز کلوزنگ کی تاریخ: 27 ستمبر 2022ء
برائے رابطہ: اسٹورز برانچ، گوجرانوالہ۔
فون: 055-9200787-9200744

## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کو پیپر درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 730/03/2022
پیپر A4 سائز، امپورٹڈ، 80 گرام۔ تعداد: 3260 ریم۔
پیپر لیگل سائز امپورٹڈ، 80 گرام۔ تعداد: 5655 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 23 ستمبر 2022ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹوریٹ آف پروکیورمنٹ اینڈ انوینٹری کنٹرول آفس، علامہ اقبال روڈ، فیصل آباد۔
فون: 041-9201468

## COMSATS یونیورسٹی کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: CUI/PROC/TN-207/9-22/207
کلر پیپرز، 500 ریم۔ پیپر A4 سائز، تعداد: 2000 ریم۔
ٹشو باکس 400 عدد اور دیگر اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 27 ستمبر 2022ء
برائے رابطہ: انچارج پروکیورمنٹ، دوسری منزل، فیکلٹی بلاک۔2، پارک روڈ، ترلائی کلاں، اسلام آباد۔
فون: 051-90495122-90495154

## ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: PROC-37
پیپر A4 سائز، 80 گرام، 500 ریم۔
پیپر لیگل سائز، 80 گرام، 200 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 27 ستمبر 2022ء
برائے رابطہ: منیجر پروکیورمنٹ اینڈ کنٹریکٹس آفس، پراپرٹی نمبر 275/RB، وارڈ نمبر X-EX، شمسہ آباد کالونی، نزد واٹر فلٹریشن پلانٹ، ملتان۔
فون: 061-9330175

## زکوٰۃ و عشر ڈپارٹمنٹ کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

پیپر A4 سائز امپورٹڈ، 80 گرام، تعداد: 300 ریم۔
پیپر لیگل سائز امپورٹڈ، 80 گرام، تعداد: 30 ریم۔
دیگر اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 29 ستمبر 2022ء
برائے رابطہ: دفتر ایڈمنسٹریٹر، 2۔ کورٹ اسٹریٹ، لوئر مال، پنجاب، لاہور۔
فون: 042-99211875-99210697

## ایگریکلچر یونیورسٹی کو پرنٹنگ خدمات درکار

آنسر شیٹ، ایکسٹرا شیٹ، فائل کورز اور لفافوں کی پرنٹنگ (بڑی تعداد میں)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 ستمبر 2022ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹوریٹ آف پروکیورمنٹ اینڈ انوینٹری کنٹرول آفس، مری روڈ، شمسہ آباد، راولپنڈی۔
فون: 051-9292098

## سول ڈویژن کا پیپر اور اسٹیشنری کا ٹینڈر

ییلو (پیلا) پیپر 80 گرام۔ وائٹ پیپر امپورٹڈ، 70 اور 83 گرام۔ دیگر اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 26 ستمبر 2022ء
برائے رابطہ: اکاؤنٹس برانچ، سیالکوٹ۔
فون: 052-9250441

## ڈائریکٹوریٹ آف ایگریکلچر کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

بک لیٹس کی کمپوزنگ، ڈیزائننگ اور پرنٹنگ۔
تعداد: 30,000 کاپی۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 27 ستمبر 2022
برائے رابطہ: ڈائریکٹوریٹ آفس، اپوزٹ گلشن اقبال پارک، جی ٹی روڈ، گوجرانوالہ۔
فون: 055-9200198

## مینجمنٹ اینڈ پروفیشنل ڈویلپمنٹ کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: MPDD(Proc)1-1(iii)2022-23
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 23 ستمبر 2022ء
برائے رابطہ: سیکریٹری، گورنمنٹ آف پنجاب، J۔ اسٹریٹ، اپر مال اسکیم، لاہور۔
فون: 042-99205632



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت فروخت 240 روپے ہوگئی

کراچی (بزنس ڈیسک) بدھ 14 ستمبر کو انٹر بینک میں ڈالر 234 روپے کی حد کراز س کر گیا جبکہ اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت فروخت 240 روپے ہوگئی انٹر بینک میں ڈالر 1 روپے 18 پیسے مزید مہنگا ہو گیا، منگل 13 ستمبر کو کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی پیش قدمی کا سلسلہ جاری ہے، منگل 13 ستمبر کو مارکیٹ کے آغاز میں ہی انٹر بینک میں ڈالر 1 روپے 18 پیسے مہنگا ہو کر 231 روپے کا ہو گیا، دوپہر میں انٹر بینک میں ڈالر 2 روپی 18 پیسے مہنگا ہو کر 232 روپے کا ہو گیا، اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت فروخت 2 روپے بڑھ کر 240 روپے ہوگئی، پیر کو انٹر بینک میں کاروبار کے اختتام پر ڈالر 1 روپے 64 پیسے مہنگا ہو کر 229.82 روپے پر بند ہوا تھا، اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت فروخت 238 روپے پر بند ہوئی تھی، کرنسی ڈیلرز کا کہنا تھا کہ سیلاب کے بعد درآمدی ضروریات کیمیں ڈالر کی طلب میں اضافہ ہوا ہے اور آئی ایم ایف کی ایکسچینج ریٹ کو فری فلوٹ رکھنے کی شرط نے بھی صورتحال دشوار کر دی ہے، گزشتہ ہفتے آئی ایم ایف کی جانب سے پاکستان کو 1 ارب 16 کروڑ ڈالر قرض مل گیا، جس کے بعد یہ امکان ظاہر کیا جا رہا تھا کہ اس سے روپے کی گرتی قدر کو سہارا ملے گا لیکن ایسا نہ ہو سکا اور ڈالر کو لگام نہ دی جا سکی، گذشتہ چند روز سے ملک کی کرنسی مارکیٹوں میں ڈالر سمیت دیگر غیر ملکی کرنسیوں کے مقابلے میں روپیہ بے قدری کا شکار رہا، کرنسی ڈیلرز کا کہنا تھا کہ ڈالر کی طلب میں مسلسل اضافہ اس کی قدر میں اضافے کی سب سے بڑی وجہ ہے ڈالر کی طلب کے مقابلے میں فراہمی آدھی بھی نہ ہونے کے باعث ڈالر مسلسل مہنگا ہو رہا ہے، امپورٹر عبدالرؤف کا کہنا تھا کہ بینکوں سے ڈالر دستیاب نہیں ہیں اور بلیک مارکیٹ کا حجم بڑھ رہا ہے، چیئرمین فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان (ایف اے پی (ملک بوستان نے کہا کہ سیلاب کی وجہ سے درآمدی بل پر دباؤ بڑھا ہے جس کی وجہ سے ڈالر کی طلب میں اضافہ ہو رہا ہے، انہوں نے کہا کہ رواں سال کپاس اور گندم کی فصلیں کم ہوں گی جس سے درآمدی بل بڑھ سکتا ہے اور ادائیگیوں کے توازن میں بگاڑ آ سکتا ہے، ملک بوستان نے خدشہ ظاہر کیا کہ بیرون ملک پاکستانیوں پر باہر جانے اور بیرون ملک سے فارن کرنسی لانے پر ڈیکلریشن کی پابندی ختم نہ کی گئی تو اس کا دباؤ اوپن مارکیٹ میں ڈالر کا فرق مزید بڑھا سکتا ہے اس لیے وزارت خزانہ کو ہمارے تحفظات دور کرنے ہوں گے، سابق صدر کراچی چیمبر عبداللہ ذکی نے کہا کہ سیلابی صورتحال کے بعد سے ڈالر انٹر بینک مارکیٹ میں مسلسل بڑھ رہا ہے جس سے سب سے زیادہ پریشانی ہمیں ہو رہی ہے، انہوں نے کہا کہ روز ڈالر نئے ریٹ پر مل رہا ہے، ایسی صورتحال میں درآمدات کس طرح ممکن ہوگی، قیمت مقرر نہ ہونے کی صورت میں مہنگائی مزید بڑھ سکتی ہے، ہماری لاگت بڑھے گی تو صارفین پر منتقل کریں گے، عبداللہ ذکی نے کہا کہ کمرشل بینکس ایل سی بھی مشکل سے کھول رہے ہیں، خدشہ ہے کہ ایل سی کھولنے میں حائل رکاوٹیں دور نہ کی گئیں تو برآمدی صنعت کے لیے جو خام مال درآمد ہوتا ہے اس کی درآمد بند ہو جائے گی جس سے برآمدی آڈرز کی تکمیل میں مشکلات آئیں گی۔

# کے پی ٹی نے درآمدی کارگو کے کنٹینرز بغیر اضافی چارجز نکالنے کا اعلان کر دیا

کراچی (بزنس ڈیسک) کراچی پورٹ نے سیلاب کی وجہ سے پورٹ پر کے ہوئے درآمدی کارگو کے کنٹینرز بغیر کسی اضافی چارجز خالی کرنے کی سہولت کا اعلان کر دیا ہے۔ کے پی ٹی کے مطابق درآمد کنندگان کو شپنگ کمپنیوں کے اضافی چارجز سے بچانے کے لیے وہ درآمد کنندگان جن کا کارگو یکم اگست یا اس کے بعد آیا ہو اور وہ سیلاب کی صورتحال کی وجہ سے اپنا کارگو پورٹ سے نہ اٹھا سکے، اب اپنے کنٹینرز سے کارگو کو نکال سکتے ہیں۔ یہ فیصلہ درآمد کنندگان کو شپنگ کمپنیوں کے ڈی ٹینشن چارجز سے بچانے کے لیے کیا گیا ہے۔ ترجمان کے پی ٹی کے مطابق کے پی ٹی پہلی اور بڑی پورٹ ہونے کے ناتے سے ہمیشہ اہم اقدامات کرتا آیا ہے کہ جس سے بزنس کمیونیٹی کو بھرپور سہولتیں میسر آئیں، ایسے کنٹینرز جو کنٹینر ٹرمینل پر ہینڈل کیا گیا لیکن وہاں سے ٹرانسپورٹیشن اسکی نہ ہو سکی سیلاب کی وجہ سے تو انہیں بھاری ڈی ٹینشن چارجز نہ ادا کرنے پڑیں۔ یہ چارجز شپنگ لائنز کی جانب سے لگتے ہیں اگر کنٹینرز کی واپسی ممکنہ وقت میں نہ ہو سکے۔ اس سے بچاؤ کے لئے کے پی ٹی ڈیسٹ فنگ کی اجازت دے رہا ہے۔

# ملکی معاشی ترقی میں بزنس کمیونٹی کا اہم کردار ہے، سی سی پی او لاہور

